## مقدس یوسف بڑھئی (عید)

رسولوں کے اعمال 11:1-18 زبور:42

مقدس یوحنا 10:11-18

**"باپ مجھے اس لئے پیار کرتا ہے۔ کیونکہ میں اپنی زندگی دیتا ہوں"۔**

**مقدس یوحنا 10:17**

آج ہم مقدس یوسف کو کارکن کے طور پر یاد کرتے ہیں وہ جسے باپ پیار کرتا تھا۔ اس کا فرمانبردار رہا۔ یسوع کے باپ کی حیثیت سے خود کو پیش کرتے ہوئے۔ مریم اپنی بیوی کے ساتھ اس نے یسوع کو ایمان اور محبت کرنے کی تربیت دی۔ وہ خود اپنا کام خدا کی محبت اور خاندان کی خدمت کے لئے کرتا تھا۔ وہ ہر کام کرنے والے کے لئے ایک اعلیٰ مثال اور حوصلہ افزائی ہے۔





## مقدس اتھناسیوس

رسولوں کے اعمال 11:19-26 زبور:86

مقدس یوحنا 10:22-30

**"وہ کام جو مَیں باپ کے نام پر کرتا ہوں میری گواہی دیتے ہیں" مقدس یوحنا 10:25**

ان الفاظ کے ساتھ خداوند یسوع مسیح بڑی اچھائی اَور بھلائی کے ساتھ اپنے مخالفوں کو جواب دیتا ہے۔ ان کے دل سچائی کے لئے کھولنے کی کوشش کرتے ہوئے۔

اے یسوع تیرا شکریہ تیری رحم کی نگاہ کے لئے جو تو انسان کو شیطان کی قوت سے بچانے کے لئے ان پر ڈالتا ہے۔

## مقدس فیلبوس اور یعقوب

**1۔قرنتیوں 8-1:15** زبور:18

**مقدس یوحنا 41-6:14**

**’’جو کلام مَیں تم سے کرتا ہوں وہ اپنی طرف سے نہیں کرتا‘‘ مقدس یوحنا 10:14**

خداوند یسوع مسیح فلپ کے سوال کا جواب دیتا ہے۔ جب اُس نے کہا کہ اے اُستاد ہمیں باپ کو دکھا۔ یسوع اُسے کہتا ہے جس نے مجھے دیکھا اس نے باپ کو دیکھا۔ کیونکہ وہ وہی کہتا اور کرتا ہے جو اُس نے باپ کو کہتے اور کرتے دیکھا۔ اسی طرح ہم بھی یسوع پر دھیان و گیان کرتے ہوئے آسمانی باپ کو دیکھتے ہیں اور اس کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اس کے بچوں کی طرح زندگی بسر کریں۔ مقدس فیلبوس اور یعقوب رسول ہمارے لئے دعا کریں تا کہ ہم بھی وہی وفاداری حاصل کریں۔





**رسولوں کے اعمال 25-13:13** زبور:88

**مقدس یوحنا 20-16:13**

**’’جو میرے بھیجے ہوئے کو قبول کرتا ہے۔ وہ مجھے قبول کرتا ہے‘‘۔ مقدس یوحنا 20:13**

آج بھی خداوند یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو دنیا میں اپنی محبت بانٹنے اور انجیل کی منادی کا ساکرامنٹ دیتے ہوئے بشارت دینے کو بھیجتا ہے۔ جو شاگردوں کو قبول کرتا ہے۔ وہ درحقیقت خداوند یسوع مسیح کو قبول کرتا ہے۔ جو کہ ان کے ذریعے خود کو دیتا ہے۔

رسولوں کے اعمال 33-26:13 زبور:2

مقدس یوحنا 6-1:14

**''میں تمہارے لئے جگہ تیار کرنے جاتا ہوں'' مقدس یوحنا 2:14**

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ کہ تُو ہمارے لئے اپنے اور باپ کے نزدیک جگہ تیار کر رہا ہے۔ باپ جو ہمارا ہمیشہ سے منتظر رہتا ہے۔ تُو ابھی سے ہی ہمیں معاف کرتے ہوئے اپنی کلیسیاء میں خدمت کی جگہ دیتا ہے جو کہ محبت کی جگہ ہے۔





رسولوں کے اعمال 52-44:13 زبور:97

مقدس یوحنا 17-7:14

**'' جو کچھ بھی میرے نام سے مانگو گے وہ تمہیں دے گا''۔ مقدس یوحنا 13:14**

خداوند یسوع مسیح کے یہ الفاظ بہت دفعہ سچ ہوتے دیکھا ہے۔ وہ ہمیں متحد رہنے کی تلقین کرتا ہے اور کہتا کہ باپ سے وہی پوچھیں جو اسے پسند ہے۔ اس طرح ہماری دُعا سنی جائے گی۔ خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ۔

رسولوں کے اعمال 6:1-7 زبور:32

1۔پطرس 2:4-9 مقدس یوحنا 14:1-12

## ''اگر تم مجھے جانتے تو میرے باپ کو بھی جانتے''۔مقدس یوحنا 14 : 7

مُبارک ہے وہ جو تجھ پر ایمان لاتا ہے۔اے خداوند یسوع مسیح ہم یہ اپنی زندگی میں تیرے کلام اور ساکرامنٹوں کو کلیسیاء میں حاصل کرتے ہوئے باپ تک پہنچتے ہیں اس طرح ہماری اس کی زندگی مطمئین امن سے بھرپور اَور ابد تک تیری مشکور رہتی ہے۔





رسولوں کے اعمال 14:5-18 زبور 113

مقدس یوحنا 14:21-26

## ''اور جو کلام تم سنتے ہو۔وہ میرا نہیں بلکہ باپ کا ہے''۔مقدس یوحنا 14 : 24

خداوند یسوع مسیح باپ کا ہمیشہ سے فرمانبردار بیٹا ہے۔وہ ہمیں وہی بتاتا ہے جو باپ سے سنتا ہے۔اگر ہم اُس کی سنتے ہیں اور اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں تو ہم بھی باپ کا کلام اور اس کی حکمت یعنی اس کی مقدس اور حقیقی محبت دوسروں تک منتقل کریں گے۔

رسولوں کے اعمال 14:19-28 — زبور:144

مقدس یوحنا 14:27-31

**''میں تمہیں سلامتی دیئے جاتا ہوں۔ اپنی سلامتی تمہیں دیتا ہوں''۔ مقدس یوحنا 14:27**

وہ سلامتی جو تو نے اپنوں کو مشکل وقت میں دی اُنہیں چھوڑ کر جا رہے تھے۔ یہ انسانی تاریخ کا سب سے تاریک وقت تھا۔ کیونکہ وہ اپنے ہی خالق کو قربان کر رہے ہیں آج تو ہمیں بھی اپنی سلامتی دینا چاہتا ہے۔ تیرے شاگرد اسے سنبھال کر رکھیں گے تاکہ تیرے حقیقی گواہ ٹھہر سکیں۔





رسولوں کے اعمال 15:1-6 — زبور:121

مقدس یوحنا 15:1-8

**''میرے باپ کا جلال اسی سے ہے کہ تم میرے شاگرد ٹھہرو'' مقدس یوحنا 15:8**

خداوند یسوع کے پیروکار ہوتے ہوئے اور ایک قبولیت کا دل رکھتے ہوئے ہم اس کے سچے شاگرد ہوتے ہوئے باپ کی عزت و احترام کریں گے اس کا جلال بیان کریں گے۔ جو کہ اپنے بچوں کو بدی سے بچانا چاہتا ہے۔

## خاتونِ لوردس

رسولوں کے اعمال 15:7-21 زبور:95

مقدس یوحنا 15:9-11

**"اگر تم میرے حکموں پر عمل کرو گے تو میرے پیار میں قائم رہو گے"۔**

**مقدس یوحنا 15:10**

اے خداوند یسوع تیرا شکر ہو۔ جو ہمیں اپنے احکامات کے ذریعے سنبھالتا ہے۔ جو کہ صرف محنت کا تحفہ ہیں۔ ہمیں معاف کرنا اور دوسروں کے لئے زندگی دینا سکھاتا ہے۔ یہ تو ہمیں اپنی اور اپنے مقدسین کی مثال کے ذریعے سمجھاتا ہے اور اپنے روح پاک کے ذریعے حقیقی مدد دیتا ہے تاکہ تیرے پیار میں قائم رہ سکیں۔





رسولوں کے اعمال 15:22-31 زبور:56

مقدس یوحنا 15:12-17

**"میرا حکم یہ ہے کہ تم ایک دوسرے سے پیار کرو" یوحنا 15:12**

میں جب خداوند یسوع مسیح کے حکم کے مطابق زندگی بسر کرتا ہوں یعنی اس سے پیار کرنے اور خود سپردگی کے ساتھ تاکہ دوسرے بھی مجھے پیار کر سکیں اور میں ان کی فرمانبرداری کر سکوں۔ اس طرح میرے دل میں سلامتی اور خوشی ہوگی اور اس کے علاوہ اس کا مشنری گواہ ہو سکوں گا تاکہ دُنیا تھوڑی بہتر ہو سکے۔

رسولوں کے اعمال 16:1-10 زبور 99

مقدس یوحنا 15:18-21

**"اگر دُنیا تم سے کینہ رکھتی ہے۔ تو جان لو کہ اس نے تم سے پہلے مجھ سے کینہ رکھا"۔ مقدس یوحنا 15:18**

ہم خداوند یسوع مسیح کے دوست حیران نہ ہوں۔ جب لوگ ہمیں تنگ کرتے اور ہم سے کینہ رکھتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہمارے رشتہ دار بھی جو دُنیا اور اس کی امارات سے پیار کرتے ہیں وہ خداوند یسوع مسیح کو قبول کرنے کے قابل نہیں۔ حلیم اور غریب لیکن وہ پوری قدرت والا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی خوشی ہمیں دے سکے۔ تا کہ ہم ان کو جو ہمیں اذیت دیتے ہیں انہیں بھی پیار کرسکیں اور برکت دے سکیں۔





رسولوں کے اعمال 8:5-8,14-17 زبور:65

1۔پطرس 3:15-18 مقدس یوحنا 14:15-21

**"مَیں تمہیں یتیم نہیں چھوڑوں گا" مقدس یوحنا 14:18**

ہم مسیحی مشکل اوقات بھلے دل کی گہرائیوں میں ہوں کیوں خوش رہتے ہیں؟ کیونکہ خداوند یسوع مسیح ہمارا خداوند اپنے وعدے پر قائم ہے۔ یعنی اپنی روح ہمارے اندر پھونکتا رہتا ہے۔ جو کہ ہمارے لئے باپ کی روح ہے تسلی دہندہ، محافظ اور زندگی جاری رکھنے والا ہے۔

**رسولوں کے اعمال 15-11:16** زبور:149

**مقدس یوحنا 26-16:15**

**”میَں نے تم سے یہ باتیں اس لئے کہیں تا کہ۔۔۔۔۔تمہیں یاد رہیں“۔مقدس یوحنا 4:16**

زندگی کے ان مقدس الفاظ نے کتنی مقدس مثالیں دی ہیں۔اے یسوع ہم اپنے دن کے آغاز میں دل سے روح القدس سے دعا کرتے ہیں۔مختلف اوقات جو ہمارے سامنے آتے ہیں ان میں ہمیں یاد رکھ۔ یہ ہمیں روشنی، قوت اور طاقت دیں گے۔





**رسولوں کے اعمال 34-22:16** زبور:137

**مقدس یوحنا 11-5:16**

**”روحِ اقدس دنیا کواس کا گناہ دکھائے گا“ مقدس یوحنا 8:16**

اے روحِ اقدس جب تو اترتا ہے۔تو سب کچھ منور ہو جاتا ہے۔دُنیا کا حقیقی گناہ یہ ہے۔کہ جو اسے رابطہ استوار کرنے سے منع کرتا ہے اور خداوند یسوع مسیح خدا بیٹے کو اپنی زندگی کے مرکز کی مانند قبول کرنے میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔اے روح یعنی میَں تیرا منتظر ہوں اپنے اور اپنے ہر بھائی کے لئے۔

رسولوں کے اعمال 1:18-:22,15 زبور:148

## مقدس یوحنا 16:12-15

**''روح الحق ساری سچائی کے لئے تمہاری ہدائیت کریگا'' مقدس یوحنا 16:13**

آج خداوند یسوع مسیح ہمیں خبر دیتا ہے۔ روح القدس آ ہم بپتسمہ یافتہ اور جو باپ اور بیٹے کی زندگی میں شامل ہوئے۔ وہ خداوند یسوع مسیح کی طرف ہماری ہدایت کرتا ہے تاکہ ہم اس کی خدمت کرسکیں اور اس کی محبت حاصل کرسکیں۔ ہر وقت اوخصوصاً جب ہم یوخرست حاصل کرتے اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں۔ خداوند یسوع مسیح تک رسائی کے لئے روح القدس ان سب کی مدد بھی لیتا ہے۔ جو اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔





## مقدس یوحنا اوّل

رسولوں کے اعمال 18:1-8 زبور 97

## مقدس یوحنا 16:16-20

**''تم غمگین ہوگے لیکن تمہارا غم خوشی میں بدل جائیگا''۔**

**مقدس یوحنا 16:20**

ہم بھی دُکھ اور آزمائش کے ان لمحات کو قبول کریں جو ہماری زندگی میں رونما ہوتے ہیں۔ خصوصاً ہمارے خداوند یسوع مسیح کی پیروی کے دوران وہ ان حالات کو خوشی میں بدل دیگا۔ اس کے باپ سے سیکھو! جس نے اسے مُردوں میں سے تیسرے دن زندہ کیا۔ ہیلیلو یاہ۔

رسولوں کے اعمال 18-9:18
زبور:46

مقدس یوحنا 23-20:16

**''تم غمگین ہو لیکن میں تمہیں پھر دیکھوں گا''۔ مقدس یوحنا 22:16**

اے خداوند یسوع مسیح تو قدرت رکھتے ہوئے بھی ہماری زندگی سے دکھ کی گھڑیوں کو ختم نہیں کرتا۔ جن میں گویا تیرا چہرہ چھپا ہوا ہوتا ہے۔ لیکن یہ ہمیں ان گھڑیوں کو ایمان میں جینے کی دعوت دیتا ہے کہ ہم تجھے پھر دیکھیں گے جو باپ کے حضور پیش کیا گیا ہمارا غم کلیسیاء اور دُنیا میں تبدیلی کے پھل لائے گا۔





برنادین آف سی اینا

رسولوں کے اعمال 28-23:18
زبور:46

مقدس یوحنا 28-23:16

**''تم ایمان لائے ہو کہ میں خدا سے نکلا ہوں''۔ مقدس یوحنا 27:16**

رسول تمام لوگوں میں سے بڑے سادہ لوگ تھے۔ لیکن اُنہوں نے اپنی زندگی خداوند یسوع مسیح کو بنیاد بنا کر شروع کی۔ اُن کے اُستاد اپنے ایمان کے مطابق آسمان کی طرف کھینچے گئے۔

اے روح القدس آ اور دُنیا اور ہر دل کو یسوع پر ایمان کے تحفہ سے بھر دے تا کہ زمین ایک بہشت بن جائے۔

## عیدِ صعُود

**رسولوں کے اعمال 11-1:1**     **زبور: 46**

**افسیوں 23-17:1**     **مقدس متی 20-16:28**

**''اور وہ گیارہ شاگرد جلیل کے اُس پہاڑ پر گئے جو یسوع نے ان کے لئے مقرر کیا تھا'' مقدس متی 16:28**

اور اُس پہاڑ پر اُنہوں نے اپنے استاد کا جلال دیکھا۔کتنی دفعہ مجھے اور آپکو بھی اس پہاڑ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے تاکہ ہم مخصوص وفاداری کے ساتھ اس کی حضوری سے مسرت اُٹھائیں، اس کے جلال پر دھیان و گیان کریں اور آسمان تک رسائی حاصلکر سکیں۔اے خداوند یسوع مسیح تو ہمیشہ ان کے ساتھ ہے جو تیرے کلام پر عمل کرتے ہیں۔ہم تجھے سجدہ کرتے ہیں۔





## مقدسہ ریٹا آف کیسیا

**رسولوں کے اعمال 8-1:19**     **زبور: 67**

**مقدس یوحنا 33-29:16**

**''مَیں دُنیا پر غالب آیا ہوں''۔مقدس یوحنا 33:16**

اے خداوند یسوع مسیح تیرے رحم کے ذریعے تجھ سے متحد ہوتے ہوئے ہم بھی دُنیا پر غالب آ سکتے ہیں جو ہمیں مختلف طریقوں سے متاثر کرنا چاہتی ہے۔ تیرا کلام ہمیں منور کرتا اور ہر دھوکا دہی سے محفوظ رکھتا ہے اور تیرا مقدس روح جو زمین سے منسلک نہیں ہمیں مضبوط کرتا ہے۔

مقدسہ ریٹا جو خداوند یسوع مسیح کی پرستار تھی ہمارے لئے دعا کر۔

## رسولوں کے اعمال 20:17-27    زبور:67

## مقدس یوحنا 17:1-11

### "میں اُن کے لئے عرض کرتا ہوں مَیں دُنیا کے لئے عرض نہیں کرتا۔"

### مقدس یوحنا 17:9

خداوند یسوع مسیح اپنے شاگردوں کو الوداع کہتا ہے اور ان کے لئے دُعا کرتا ہے۔ اُنہیں اپنے ساتھ ایک ہونے کا کہتا ہے۔ وہ اُس کے خیالات اور دُنیا کے لئے نجات کے منصوبہ کو سمجھتے ہیں۔ ان کے لئے جنہوں نے اُسے قبول کیا اُن کے لئے مانگ سکتا ہے۔ لیکن دُنیا یعنی اُن کے لئے جن کو اسکا کلام تکلیف دیتا ہے اور جو اس سے انکاری ہیں۔ ان کے لئے دعا نہیں کرسکتا۔

اے خداوند یسوع مسیح بھائیوں کے ساتھ متحد ہونے کے تحفہ کا شکریہ تا کہ دُنیا بخشی جانے اور میرے اس محبت کے عظیم تحفہ پر ایمان لائے۔





## رسولوں کے اعمال 20:28-38    زبور:67

## مقدس یوحنا 17:11-19

### "(مَیں تیرے پاس آتا ہوں) تا کہ میری خوشی ان میں کامل ہو جائے"۔ مقدس یوحنا 17:13

خداوند یسوع مسیح اپنے باپ سے اپنے سب شاگردوں کے لئے دُعا کرتا ہے تا کہ وہ سب یک دل ہوں۔ اس کی محبت کا تجربہ کریں۔ جس کا کوئی ثانی نہیں اور جو حقیقی خوشی کا سرچشمہ ہے جو کہ ابدی ہے۔ اس طرح وہ اسے جاننے اور اُس کو جس نے اُسے بھیجا ہے اُس کی طرح کھینچے جانے میں ایک دوسرے کی مدد کرسکیں گے۔

## رسولوں کے اعمال 11-6:23,30:22 زبور: 15

## مقدس یوحنا 26-20:17

### ''اور میں نے ان پر تیرا نام ظاہر کیا ہے''۔ مقدس یوحنا 26:17

آخری کھانے کے وقت خداوند یسوع مسیح دعا کر رہا ہے۔ اپنے منصف باپ کو پکارتا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ سے باپ ہے اور اپنے بچوں کو حقیقی غذا عطا کرتا ہے اِسی لئے خداوند یسوع مسیح روٹیوں کا معجزہ کرتے ہوئے اپنی آنکھیں اُس کی طرف اُٹھاتا ہے۔ تاکہ وہ معجزہ کر سکے اور پھر لعزر کی قبر کے سامنے پھر اُس نے اپنی آنکھیں اُٹھائیں اور کہا میں جانتا تھا کہ تُو میری سُنے گا۔

اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکریہ کہ تو نے ہمیں باپ کی پہچان دلائی۔ سب سے بڑھ کر اپنی زندگی کے ذریعے۔





# مقدس فلپ نیری

## رسولوں کے اعمال 21-13:25 زبور: 102

## مقدس یوحنا 19-15:21

### ''میرے پیچھے ہو لے'' مقدس یوحنا 19:21

پطرس کو یہ خبر مل چکی تھی۔ جبکہ وہ اندریاس کے ہمراہ اپنا جال جھیل میں ڈال رہا تھا اب جی اُٹھا خداوند یسوع مسیح اسے دہراتا ہے۔ اُسے تین دفعہ پوچھتا ہے۔ اگر وہ اُسے پیار کرتا ہے۔ جیسے خدا کو پیار کیا جاتا ہے اور اسے یاد دلاتا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اِسے ہمیشہ اُس کی پیروی کرنا ہوگی۔ اُس طرح کلیسیاء کی رہنمائی اُس کے منصوبوں کو پورا کرتے ہوئے کر سکے گا۔ پطرس کے لئے اس کا مطلب اکثر مرنا ہوگا۔

اے خداوند یسوع مسیح رسالت کے لئے تیرے بلاوے کا شکریہ۔ اس کے ساتھ میں بھی تیری پیروی کرونگا۔

رسولوں کے اعمال 28:16-20,30-31 زبور:10

مقدس یوحنا 21:20-25

**''ہم جانتے ہیں کہ اُس کی گواہی سچی ہے''۔ مقدس یوحنا 21:24**

مقدس یوحنا رسول جو خداوند یسوع مسیح کی پطرس سے ملاقات کی گواہی دیتا ہے جس کو اس نے ایمانداروں کو سونپا ہے۔ جیسے بھیڑیں چرواہے کو۔ جب ہم اپنے بشپ کی بات سنتے ہیں تو اُس میں ایک رسول کی گواہی حاصل کرتے ہیں جو ہمیں یسوع کو جاننے، اسے پیار کرنے اور اس کی خدمت کرنے کی بات بتاتے ہیں۔





## عیدِ پینٹکوست کی شبِ بیداری

رسولوں کے اعمال 2:1-11 زبور:103

ا۔قرنتیوں 12:3-7,12-13 مقدس یوحنا 20:19-23

**''تم روح القدس لو'' مقدس یوحنا 20:22**

جی اُٹھے یسوع نے جب اپنی سلامتی رسولوں کو دی تو پھر اُس نے ان پر اپنی روح پھونکی ہیں اور انہیں زندگی دی۔ اے خداوند یسوع مسیح تیرا شکر ہو۔ تُو نے ہمیں اس بڑی عید پر اپنے روح سے معمور کیا۔ اُس تحفہ کے لئے بے حد شکریہ جو تو ہمیں عنایت کرتا ہے۔ جب ہم تیرے سامنے آتے اور تجھے سجدہ کرتے ہیں شکریہ کہ تُو ہمیں اپنی روح کے ذریعے اس قابل بناتا ہے۔ کہ ہم گناہ معاف کرنے اور تیرے رحم کے گواہ ٹھہرتے ہیں۔

## مقدسہ مریم کلیسیاء کی ماں

رسولوں کے اعمال 14-12:1   زبور 20,5-9:3

مقدس یوحنا 27-25:19

**''اگر کوئی میری خدمت کرے تو باپ اس کی عزت کریگا''۔ مقدس یوحنا 26:12**

کس نے خداوند یسوع مسیح کی خدمت کی۔ سب سے پہلے اور سب سے زیادہ مقدسہ مریم اِس کی ماں نے۔ آج ہم باپ کے ساتھ مل کر اس کی تعظیم ساری کلیسیاء کی ماں کے طور پر کرتے ہیں۔ رسولوں اور شہیدوں کی بھی جنھوں نے اپنی زندگی اُس کے بیٹے کو پیش کی آج ہم اُن کو یاد کرتے ہیں جنھوں نے خداوند یسوع مسیح کے نام سے متحد ہو کر اس کی سچائی کی خاطر اپنی جان قُربان کی۔ باپ ساری کلیسیاء کے ساتھ ان کی عزت کرتا ہے۔ اَے خداوند یسوع مسیح میں بھی تیری خدمت اِس محبت کی بڑھتی کے ساتھ جو مقدسہ مریم تیری اور ہماری ماں جس کی مثال پیش کرتی ہے۔





یشوع بن سراخ 12-1:35   زبور:49

مقدس مرقس 31-28:10

**''ایسا کوئی نہیں جس نے گھر یا بھائیوں ۔۔۔۔کو سو گنا نہ پائیگا'' مقدس مرقس 30-29:10**

خداوند یسوع مسیح پطرس کو جواب دیتا ہے جس نے اسے پوچھا کہ اس کی خاطر مَیں نے سب کچھ چھوڑا۔ اسے کیا ملے گا؟ اس کے عوض اسے ایک خوبصورت وعدہ ملتا ہے۔ ایک ایسا وعدہ جو بڑے حیرت انگیز طریقے سے مقدسین کی زندگی میں عقیدت کا روپ دھارتا ہے۔ میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ خداوند یسوع مسیح نے تیرے لئے بھی قائم رکھا۔ اگر میں نے اس کی خاطر خود کو چھوڑنا شروع کیا ہے۔

## مقدسہ مریم کی ملاقات مقدسہ الیضبات کے ساتھ

صفن یاہ 3:14-18 رومیوں 12:9-16

زبور: (اشعیاہ) 12:2-6 مقدس لوقا 1:39-56

**''اس نے اسرائیل کی دستگیری کی'' مقدس لوقا 1:54**

آج کی عید کے موقع پر اے مقدسہ مریم ہم تجھ پر دھیان و گیان کرتے ہیں۔ تُو اپنی بزرگ رشتہ دار الزبتھ کی طرف مدد کو آئی ہے۔ تیری اس کے لئے پہلی مدد یہ ہے کہ تو نے اس کے اندر ایمان کو جگایا اور دُعا میں اُس کو سہارا دیا۔ تُو مَیں نے پہلے خداوند یسوع مسیح کو قبول کیا۔ تو اُس کی مانند ہے، جو دل سے دوسروں کی مدد کو تیار ہو جیسے تیرے آباؤ اجداد کا خدا۔ اے شیرین ماں ہم تجھ سے سیکھتے ہیں